غیر ملکی طلباء و طالبات کے لئے جو بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

فروری 2018

امیگریشن بیورو، وزارت انصاف

وزارت انصاف تا حال جائز طور پر جاپان میں مقیم غیر ملکی افراد کو بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کی صورت میں یہ جمع کروانے کے 6 ماہ گزرنے کے بعد، اصولی طور پر کام کرنے کی اجازت دیتی تھی۔ لیکن 15جنوری 2018 کو ایسے درخواست دہندگان کو فراہم کیے جانے والے رہائشی درجے (اسٹیٹس آف ریزیڈینس) کے سلسلے میں ترمیم عمل میں لائی گئی ہے جن کی بحیثیت پناہ گزین منظوری یا نا منظوری کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔

بالخصوص، غیر ملکی طلباء و طالبات کے ضمن میں، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اگر وہ متعلقہ تعلیمی ادارے سے نام خارج کر دیے جانے کے بعد یا اسی تعلیمی ادارے کا کورس مکمل کرنے کے بعد بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کریں تو یہ جمع کروانے کے 6 ماہ گزرنے کے بعد بھی اصولی طور پر کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

(نوٹ 1) زیر تعلیم غیر ملکی طلباء و طالبات بھی بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کے اہل ہوں گے۔

(نوٹ 2) کام کرنے کی اجازت صرف ان دو صورتوں میں دی جائے گی اگر ان کا ریفیوجی کنونشن 1951 سے مشروط پناہ گزین ہونے کا قوی امکان ہو یا اگر وہ اپنے ملک کی صورت حال کے پیش نظر انسانی حقوق کی بنیاد پر خاص توجہ کے مستحق ہوں۔

علاوہ ازیں، اگر آپ یہ محسوس کریں کہ آپ کا متعلقہ تعلیمی ادارہ کسی قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہے تو اپنے قریبی مقامی امیگریشن بیورو سے رجوع کریں۔